**Shabbir / Fazil**

**29-01-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ضمیر رضوی

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ آپریشن سندور سے بھارت کی صلاحیت اور مسلح افواج کی شجاعت کا اعادہ ہوا ہے۔

2- وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن آج پارلیمنٹ میں اقتصادی جائزہ 2025-26 پیش کریں گی۔

3- 77 ویں یومِ جمہوریہ تقریبات کے اختتام پر Beating Retreat آج نئی دلی میں وجے چوک پر ہوگی۔

4- مہاراشٹر کے نائب وزیراعلیٰ اجیت پوار کی آخری رسوم آج صبح بارامتی میں پورے سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا کی جائیں گی۔

5- انتخابی کمیشن نے مغربی بنگال سرکار سے کہا ہے کہ وہ ووٹر فہرستوں سے متعلق مشاہدین کے طور پر کام کرنے والے IAS افسروں کا تبادلہ واپس لے۔

6- اور مردوں کی کرکٹ میں: وشاکھاپٹنم میں چوتھے ٹی ٹوئنٹی میچ میں بھارت، نیو زیلینڈ سے 50 رن سے ہار گیا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Fur.Rev. PM NCC'

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ آپریشن سندور نے بھارت کی طاقت اور اس کی مسلح افواج کی شجاعت کی توثیق کی ہے اور دیسی ساخت کے ہتھیاروں کی مہارت کا مظاہرہ کیا ہے۔ نئی دلّی میں سالانہ NCC پی ایم ریلی سے خطاب کرتے ہوئے کل وزیر اعظم نے کہا کہ جدید جنگی حربوں میں لڑائیاں صرف سرحدوں تک یا ٹینک اور بندوقوں کے استعمال تک محدود نہیں ہیں، بلکہ یہ Codes اور Clouds میں بھی لڑی جا رہی ہیں۔ وزیر اعظم سائبر اور انفارمیشن جنگی حربوں کا حوالہ دے رہے تھے۔

S/B - 0815 - PM Modi - OP Sindoor

جناب مودی نے آپریشن سندور کے دوران NCC کیڈٹس کے تعاون کی نشاندہی کی۔

S/B - 0815 PM Modi - NCC

PM CEOs

وزیر اعظم نریندر مودی نے جاری انڈیا انرجی وِیک کے حصے کے طور پر کل نئی دلّی میں لوک کلیان مارگ پر واقع اپنی رہائش گاہ پر توانائی کے عالمی شعبے کے چیف ایگزیکٹو افسران سے ملاقات کی۔

اس دوران وزیر اعظم نے بھارت کی مضبوط معاشی رفتار کی نشاندہی کرتے ہوئے کہا کہ بھارت، دنیا کی تیسری سب سے بڑی معیشت بننے کی جانب تیزی سے گامزن ہے اور وہ توانائی کے شعبے میں ضرورت اور سپلائی کے عالمی توازن کے معاملے میں فیصلہ کُن رول ادا کرے گا۔ وزیر اعظم نے ملاقات کے دوران بھارت کی توانائی کے شعبے میں سرمایہ کاری کے اہم مواقع کی جانب توجہ مبذول کرائی۔

جناب مودی نے حکومت کی جانب سے متعارف سرمایہ کاروں کے موافق پالیسی اصلاحات کا حوالہ دیتے ہوئے تلاش اور پیداوار کی تقریباً 100 ارب امریکی ڈالر کی سرمایہ کاری صلاحیت کو اُجاگر کیا۔ جناب مودی نے Compresed بایو گیس کے شعبے میں 30 ارب امریکی ڈالر کے مواقع کی بھی نشاندہی کی۔

اس اعلیٰ سطحی گول میز میٹنگ میں توانائی کے شعبے کی سرکردہ عالمی اور بھارتی کمپنیوں اور اداروں کے ستائیس CEOs اور سینئر کارپوریٹ شخصیات نے شرکت کی۔×

India EU-Communication

بھارت اور یوروپی یونین نے سلامتی، اعتماد اور لچکدار عالمی سپلائی چین پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے 6G ٹیلی مواصلات سمیت اگلے سلسلے کی ڈیجیٹل ٹکنالوجیز میں اسٹریٹیجک شراکت داری کو وسعت دینے کے عزم کی توثیق کی ہے۔ مواصلات کی وزارت نے بتایا کہ یوروپی کمیشن کی صدر اُرسلا فون ڈیر Leyen اور یوروپی یونین کالج آف کمشنرز کے دورے کے دوران جاری کردہ لیڈرس اعلامیے میں اس عزم کی عکاس ہوتی ہے۔ دورے کے دوران رہنماؤں نے بھارت-یوروپی یونین تجارت اور ٹکنالوجی کونسل کے تحت جدید اور اُبھرتی ہوئی ٹکنالوجیز کی بڑھتی اہمیت کی نشاندہی کی۔ مواصلات کی وزارت نے اس اشتراک کا خیر مقدم کرتے ہوئے ٹیلی مواصلات، ڈیجیٹل بنیادی ڈھانچے اور عالمی پیمانوں کی ترقی کے شعبوں میں بڑھتے تعاون پر روشنی ڈالی۔ ×

Economic Survey

وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن، آج پارلیمنٹ میں اقتصادی سَروے 26-2025 پیش کریں گی۔ یہ دستاویز، چیف اقتصادی مشیر کی رہنمائی میں وزارت خزانہ کے اقتصادی امور کے محکمے کے ذریعے تیار کیا گیا ہے۔ اقتصادی سَروے،

ملک کی موجودہ اقتصادی صورتحال اور مستقبل کے منظرنامے کے جامع جائزے پر مبنی ہوتا ہے۔ مرکزی بجٹ 2026-27، اتوار کے روز پیش کیا جائے گا۔ بجٹ اجلاس کا پہلا مرحلہ 13 فروری تک جاری رہے گا، جبکہ دوسرا مرحلہ 9 مارچ سے 2 اپریل تک چلے گا۔ بجٹ اجلاس کے دوران، کُل 30 نشستیں ہوں گی۔×

Kerala Budget

کیرالہ قانون ساز اسمبلی میں آج اگلے مالی سال کا ریاستی بجٹ پیش کیا جائے گا۔ حالانکہ موجودہ حکومت کی مدّت اس سال مئی میں ختم ہوگئی تھی، تاہم وزیرخزانہ کے-این بالا گوپال اگلے مالی سال کا مکمل بجٹ پیش کریں گے۔ ×

Rev.Beating Retreat

Beating Retreat تقریب آج نئی دلّی کے وِجے چوک پر منعقد کی جائے گی۔ اس کے ساتھ ہی 77ویں یومِ جمہوریہ تقریبات اختتام پذیر ہوں گی۔ اس دوران صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر سی پی رادھا کرشنن، وزیر اعظم نریندر مودی، وزیر دفاع راجناتھ سنگھ اور دیگر کابینی وزراء موجود رہیں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Bhanu

اس سال Beating Retreat تقریب کے دوران فوج، بحریہ، فضائیہ اور مرکزی مسلح پولیس فورسز، CAPF کے بینڈ اپنی 30 پرفارمینس کے ذریعے ناظرین کو مسحور کریں گے۔ تقریب کی شروعات ''قدم-قدم بڑھائے جا'' بینڈ کے ساتھ ہوگی، جس کے بعد اتلیہ بھارت، ویر سینک، ملی جلی، نرتیہ سریتا، مارونی اور جھیلم کی بینڈ پر دُھنیں پیش کی جائیں گی۔ CAPF کے بینڈ وِجے بھارت، ہاتھ روہی، جے ہو اور ویر سپاہی کی دُھنیں پیش کریں گے۔ وہیں بھارتی فضائیہ کا بینڈ Brave Warrior, Twilight, Alert اور Flying Star کی دُھنیں بجائے گا۔ بھارتی بحریہ کا بینڈ نمستے، ساگر پوَن، ماتر بھومی، تیجسوی اور جے بھارتی کی دُھنیں پیش کرے گا۔

اس کے بعد بھارتی فوج کا بینڈ، وِجئی بھارت، آرمبھ ہے، پرچنڈ ہے، اے وطن اے وطن، آنند مٹھ، سُگمیہ بھارت اور ستارۂ ہند کی دُھنیں پیش کرے گا۔ تقریب کا اختتام سدا بہار دُھن ''سارے جہاں سے اچھا'' کے ساتھ ہوگا۔

دلّی سے رِشو جیسوال اور بھانو پرتاپ سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

R.Day Parade Results

اِس سال کی یومِ جمہوریہ پریڈ میں مارچ کرنے والے بہترین دستوں اور بہترین جھانکی کے نتیجوں کا اعلان کر

دیا گیا ہے۔
فوج کی تینوں شاخوں میں سے بھارتی بحریہ کو مارچ کرنے والا بہترین دستہ قرار دیا گیا جبکہ مرکزی مسلح پولیس فورسز اور دیگر ذیلی فورسز میں دلی پولیس کو ایوارڈ ملا ہے۔
ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں کے زمرے میں مہاراشٹر اپنی جھانکی گنیش اُتسو، آتم نربھرتا کی ایک علامت کیلئے اوّل مقام پر رہا جبکہ جموں و کشمیر نے دستکاری اور اپنے لوک رقص کیلئے دوسرا مقام حاصل کیا۔ ''واٹر میٹرو اور سو فیصد ڈجیٹل خواندگی، آتم نربھر بھارت کیلئے آتم نربھر کیرالہ'' کے موضوع پر جھانکی پیش کرنے پر کیرالہ تیسری پوزیشن پر رہا۔
مرکزی وزارتوں اور محکموں میں وزارتِ ثقافت کی جھانکی سرِفہرست رہی، جس کا موضوع تھا: ''وندے ماترم، ایک ملک کی روح کی آواز''۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Fur.Rev.Ajit Pawar Funeral

مہاراشٹر کے نائب وزیر اعلیٰ اجیت پوار کی آخری رسومات پونے ضلع کے بارامتی کے وِدیا پرتشٹھان میدان میں آج صبح 11 بجے پورے سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا کی جائیں گی۔ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ اجیت پوار کی آخری رسومات میں شرکت کر سکتے ہیں۔
تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Ankita Apte

نیشنلسٹ کانگریس پارٹی کے صدر اجیت پوار کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کیلئے ہزاروں لوگ وِدیا پرتشٹھان میدان میں جمع ہیں، جہاں آخری رسومات سے پہلے اجیت پوار کے جسدِ خاکی کو آخری دیدار کیلئے رکھا گیا ہے۔
اجیت پوار اور طیارے میں سوار سبھی 4 افراد کا کل صبح اُس وقت انتقال ہو گیا تھا، جب اُن کے طیارے نے کریش لینڈنگ کی کوشش کی۔ ایئر کرافٹ ایکسیڈنٹ انویسٹی گیشن بیورو نے حادثے کی جانچ کا آغاز کر دیا ہے۔
اس سانحہ کے بعد مہاراشٹر حکومت نے کل ریاست بھر میں تین دن کے سرکاری سوگ کا اعلان کیا ہے۔
مختلف حکومتوں کے دوران چھ مرتبہ نائب وزیر اعلیٰ کا عہدہ سنبھالنے والے اجیت پوار، سب سے طویل عرصے تک اس عہدے پر فائز رہنے والے رہنما تھے۔
ممبئی سے انکیتا آپٹے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

WB EC

انتخابی کمیشن نے مغربی بنگال میں ووٹر فہرستوں کی خصوصی تفصیلی نظر ثانی، SIR کے کام میں مصروف افسران کے تبادلے پر سخت رُخ اپنایا ہے۔ انتخابی کمیشن نے مغربی بنگال حکومت سے ضلعوں کیلئے الیکٹورل رول آبزرورز، EROs کے طور پر مامور تین IAS افسران کے تبادلے کو واپس لینے کو کہا ہے، کیونکہ تبادلے کے احکامات انتخابی پینل کی منظوری کے بغیر جاری کیے گئے۔ انتخابی کمیشن کے اس موقف کا مقصد ریاستی Cadre کے دوسرے EROs کو تحفظ فراہم کرنا ہے تا کہ وہ بلا خوف اپنے فرائض انجام دے سکیں۔ انتخابی ادارے نے بنگال Cadre کے بارہ IAS افسران کو 28 نومبر کو کلکتہ سمیت مغربی بنگال کے 24 ضلعوں میں الیکٹورل رول آبزرورز کے طور پر مقرر کیا تھا، لیکن مغربی بنگال حکومت نے ان میں سے تین افسران کا تبادلہ کر دیا۔×

Pragati Special Story

سرگرم حکمرانی اور بروقت نفاذ کیلئے وزیر اعظم کے اہم پلیٹ فارم PRAGATI نے اپنی 50 ویں میٹنگ کے کامیاب انعقاد کے ساتھ ایک اہم سنگِ میل طے کیا ہے۔ 2015 میں وزیر اعظم نریندر مودی کی جانب سے اِسے شروع کیے جانے کے بعد سے PRAGATI نے بروقت قریبی نظر رکھ کر، اہم بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں پر عمل درآمد کر کے اور وزیر اعظم کی طرف سے براہِ راست جائزے کے تحت عوامی شکایات کو دور کرنے کا اہل بنا کر حکمرانی کو یکسر تبدیل کیا ہے۔ یہ پلیٹ فارم امدادِ باہمی پر مبنی وفاقیت کی نظیر پیش کرتا ہے اور ایک سنگل ڈیجیٹل انٹرفیس پر مرکز، ریاستوں اور مرکزی وزارتوں کو یکجا کرتا ہے۔

پچھلی ایک دہائی میں PRAGATI نے تیز فیصلے کرنے اور مسائل کو حل کرنے میں مدد دی ہے، جو اہم بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں میں تاخیر کا سبب بنتے ہیں اور جوابدہی کے ایک مضبوط کلچر کو فروغ دیتا ہے۔ آج اِس خصوصی سیریز میں ''پردھان منتری کرشی سینچائی اسکیم کے تحت بیمبلا آبپاشی پروجیکٹ'' پر روشنی ڈالی جائے گی۔

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C - Suparna/Anand

مہاراشٹر کے ودربھ خطے میں Bembla آبپاشی پروجیکٹ ایک اہم آبپاشی پہل کی عکاسی کرتا ہے، جس کا مقصد خطے میں زرعی سرگرمیوں کو مستحکم بنانا ہے۔ اِس پروجیکٹ کو دوہزار 685 کروڑ روپے کی لاگت سے دو اپریل 2007 کو منظور کیا گیا تھا۔ یہ Yavatmal ضلع میں Bembla دریا پر واقع ہے۔ علاقے میں پانی کی دستیابی اور کسانوں کی روزی روٹی کیلئے پروجیکٹ کی اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے پرگتی نظام کے ذریعے 25 اکتوبر 2023 کو

وزیراعظم نے اِس معاملے کا جائزہ لیا۔
اِس جائزے کے بعد مذکورہ پروجیکٹ کے کام میں تیزی لائی گئی اور یہ 30 جون 2025 کو شروع ہوگیا۔
جائزہ میٹنگ میں متعلقہ مرکزی وزارتوں اور مہاراشٹر سرکار کو واضح اور نتیجہ خیز ہدایات دی گئی تھیں کہ وہ مقررہ وقت کے اندر تال میل کرکے زیرِ التوا معاملات کو جلد سے جلد حل کریں۔
سپرنا سائیکیہ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں .......

Jitin Prasada Aadhar

الکٹرانکس اور آئی ٹی محکمے کے وزیرمملکت جتن پرساد نے بھارت کی منفرد شناخت سے متعلق اتھارٹی کے یومِ تاسیس کے موقعے پر نئی دلی میں آدھار ایپ کا آغاز کیا۔ اِس موقعے پر وزیر موصوف نے کہا کہ آدھار، ڈجیٹل اختراع اور سب کی شمولیت والی حکمرانی کی بھارت کی سب سے مضبوط عالمی مثالوں میں سے ایک ہے۔
جناب جتن پرساد نے کہا کہ اب تک 143 کروڑ سے زیادہ شہری آدھار کے دائرے میں آ چکے ہیں اور اِس نے ترقی یافتہ ملکوں سمیت دنیا کو یہ دکھا دیا ہے کہ بھارت ایک محفوظ اور رازدارانہ ڈجیٹل شناخت سے متعلق نظام بڑے پیمانے پر قائم کر سکتا ہے، جس کی کوئی نظیر نہیں ملتی۔ وزیر موصوف نے بتایا کہ کئی ممالک بھارت کے ساتھ ساجھیداری کرنے اور آدھار ماڈل کو اختیار کرنے میں دلچسپی کا اظہار کر رہے ہیں۔ انھوں نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ ملک کو اب دنیا کے ڈجیٹل اور ہنرمندی کے مرکز کے طور پر تسلیم کیا جا رہا ہے۔x

UP Farmer Helpline

اترپردیش حکومت نے کسانوں کیلئے ہیلپ لائن شروع کی ہے، جو اُنہیں حکومت کی جانب سے چلائی جا رہی فلاحی اسکیموں کے بارے میں مکمل معلومات فراہم کرے گی۔ اب کسانوں کو محکمۂ زراعت کی اسکیموں کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کیلئے بار بار سرکاری دفتروں کے چکر نہیں کاٹنے پڑیں گے۔ سبھی معلومات اب صرف ایک فون کال پر دستیاب ہوں گی۔ ریاستی وزیر زراعت سوریہ پرتاپ شاہی نے لکھنؤ میں زراعت کی ڈائریکٹوریٹ میں زرعی محکمے کی اس ہیلپ لائن کا افتتاح کیا۔ اس ہیلپ لائن کے ذریعے پورے اترپردیش کے کسان پیر سے جمعے کے روز تک صبح 10 بجے سے شام 6 بجے تک کال کر کے معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔
ہیلپ لائن کا نمبر ہے
صفر پانچ دو دو   دو تین ایک   سات صفر صفر تین

[Russia Syria]

ملکِ شام کے عبوری صدر احمد الشرح نے ماسکو کے کریملن میں روس کے صدر ولادیمیر پتن سے ملاقات کی۔ بات چیت کے دوران دونوں رہنماؤں نے مستقبل میں شام میں روس کی فوجی موجودگی جیسے حساس معاملے پر تبادلۂ خیال کیا۔ اس دوران جناب پتن نے جنگ سے متاثرہ معیشت کی تعمیر نو میں شام کی مدد کرنے کی تیاری پر زور دیا۔x

[TN Committee]

زراعت اور کسانوں کی بہبود کی مرکزی وزارت نے تمل ناڈو میں کسانوں کی پیداوار سے متعلق تنظیموں FPOs کو مستحکم بنانے کیلئے اعلیٰ سطح کی کمیٹی تشکیل دی ہے۔ زراعت کے مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان کے Erode کے حالیہ دورے کے بعد یہ فیصلہ سامنے آیا ہے۔ جناب چوہان کے اِس دورے میں کسانوں اور دیگر متعلقہ فریقوں کے ساتھ FPOs کو درپیش تکنیکی اور مارکیٹ سے متعلق چیلنجوں پر تبادلۂ خیال کیا گیا۔ اِس جانکاری پر کارروائی کرتے ہوئے وزارت نے ریاست میں FPOs کی کارکردگی کا جائزہ لینے اور اصلاحی اقدامات تجویز کرنے کیلئے کمیٹی کے قیام کی منظوری دی۔x

[IMD]

بھارتی موسمیات محکمے نے دلی، ہریانہ، چنڈی گڑھ، ہماچل پردیش اور پنجاب میں گہرے کہرے کے ساتھ شدید سردی کی پیشگوئی کی ہے۔ بہار، مدھیہ پردیش، اوڈیشہ، راجستھان، مغربی بنگال کے ذیلی ہمالیائی خطے، سکم، اترپردیش اور اتراکھنڈ میں بھی گہرا کہرا چھائے رہنے کا امکان ہے۔

اِدھر جموں و کشمیر، لداخ، گلگت، بلتستان اور مظفر آباد میں بھی اسی طرح کا موسم رہنے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔

موسمیات محکمے نے شمال مغربی اور وسطی بھارت میں کم از کم درجۂ حرارت میں رفتہ رفتہ دو سے چار ڈگری سیلسیس تک گراوٹ آنے کی پیشگوئی بھی کی ہے۔x

[Cricket T20]

مردوں کی کرکٹ میں کل رات وشاکھا پٹنم میں پانچ میچوں کی سیریز کے چوتھے ٹی ٹوئنٹی میچ میں بھارت، نیوزیلینڈ سے 50 رن سے ہار گیا۔

بھارت نے ٹاس جیت کر نیوزیلینڈ سے بلے بازی کرنے کو کہا اور نیوزیلینڈ نے مقررہ 20 اوورس میں سات وکٹ پر 215 رن بنائے۔

بھارت کی پوری ٹیم 18 اوورس اور چار گیندوں میں صرف 165 رن کے اسکور پر آؤٹ ہوگئی، حالانکہ شِوم دوبے نے 23 گیندوں پر تیز رفتار 65 رن بنائے جبکہ رِنکو سنگھ نے 30 گیندوں پر 39 رن اسکور کیے۔

اِس شکست کے بعد بھارت کو پانچ میچوں کی سیریز میں تین۔ایک کی سبقت حاصل ہے۔ سیریز کا پانچواں اور آخری ٹی ٹوئنٹی میچ اتوار کو ترو اننتھاپورم میں کھیلا جائے گا۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......فہیم احمد

شکریہ ۔ضمیر رضوی

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے سبھی اردو اخبارات نے مہاراشٹر کے نائب وزیراعلیٰ اجیت پوار کی طیارہ حادثے میں موت کی خبر کو شہ سرخی بنایا ہے۔ اس سلسلے میں انقلاب کی سرخی ہے: طیارہ حادثے میں اجیت پوار کی ناگہانی موت، تحقیقات کا حکم۔ مہاراشٹر میں تین روزہ سوگ کا اعلان۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے خطاب کے ساتھ پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کا آغاز، اخبار نے صدر جمہوریہ کے حوالے سے سرخی لگائی ہے: آپریشن سندور کے ذریعے حکومت نے ایک مضبوط پیغام دیا۔ اخبار پرتاپ نے پارلیمانی اور اقلیتی امور کے وزیر کرن رجیجو کے اس بیان کو نمایاں کیا ہے کہ بجٹ اجلاس وکست بھارت کیلئے نیا پیغام دے گا۔

ہندوستان ایکسپریس نے وِنگس انڈیا 2026 سے وزیراعظم کے خطاب کو سرخی بناتے ہوئے لکھا ہے کہ بھارت گلوبل ساؤتھ اور دنیا کے درمیان ہوابازی کے ایک بڑے گیٹ وے کے طور پر ابھر رہا ہے۔

اخبارات نے نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن کے اس بیان کو نمایاں کیا ہے کہ عوام جب مل کر کام کرتے ہیں تبھی ملک تیزی سے ترقی کرتا ہے۔

اخبارات کی اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

- ☆ ٹرمپ نے ایران کو پھر دھمکی دی، کہا: ایران کیلئے وقت تیزی سے نکل رہا ہے، جوہری مذاکرات کیلئے میز پر آئے۔
- ☆ غزہ میں فلسطینی ریاست کے قیام کی اجازت نہیں ہوگی: نیتن یاہو کا بیان۔
- ☆ جنوبی کوریا کے سابق صدر کی اہلیہ کو رشوت لینے کے جرم میں 20 سال کی قید۔
- ☆ عُمان میں 23 فرانسیسی سیاحوں کو لے جانے والی کشتی سمندر میں غرقاب۔

آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ آپریشن سندور سے بھارت کی صلاحیت اور مسلح افواج کی شجاعت کا اعادہ ہوا ہے۔

2- وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن آج پارلیمنٹ میں اقتصادی جائزہ 2025-26 پیش کریں گی۔

3- 77 ویں یومِ جمہوریہ تقریبات کے اختتام پر Beating Retreat آج نئی دلی میں وجے چوک پر ہوگی۔

4- مہاراشٹر کے نائب وزیراعلیٰ اجیت پوار کی آخری رسوم آج صبح بارامتی میں پورے سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا کی جائیں گی۔

5- انتخابی کمیشن نے مغربی بنگال سرکار سے کہا ہے کہ وہ ووٹر فہرستوں سے متعلق مشاہدین کے طور پر کام کرنے والے IAS افسروں کا تبادلہ واپس لے۔

6- اور مردوں کی کرکٹ میں: وشاکھاپٹنم میں چوتھے ٹی ٹوئنٹی میچ میں بھارت، نیو زیلینڈ سے 50 رن سے ہار گیا۔

<u>اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔</u>

---